DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18-05-2023

| نمبرشار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر شخص کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، عبدالولی کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ نے اخبارات کے واجبات کیلئے اضافی فنڈز کی منظوری دیدی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | ملک کی ترقی اور عوام کو خوشحالی چاہتے ہیں، مولانا عبدالوسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | وزیرداخلہ کی لہڑی ہاؤس آمد کچھی میں جاری تنازع پر تبادلہ خیال۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | عمران خان کو کرسی پر بٹھائیں تو سب اچھے وہ کرسی سے اتر جائیں تو سب برے شازین بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچستان میں خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کوششوں کا تسلسل جاری ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات جاری نصیب اللہ مری۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ میں نیشنل گیمز کا انعقاد صوبے کے لئے اعزاز کی بات ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوئٹہ میں ٹریفک مسائل صوبائی محتسب کا نوٹس، پولیس حکام سے رپورٹ طلب۔ | سنچری ودیگراخبارات |
| 10 | نیشنل گیمز کی کوریج کے لئے محکمہ تعلقات عامہ کے انتظامات مکمل ٹیم تشکیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | فوڈ اتھارٹی کا جامعہ بلوچستان میں خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | کوئٹہ پاک فوج کی حمایت میں ریلی فوجی اہلکاروں کو گلدستے پیش کیے گئے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر 70 فیصد کام مکمل ہوگیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عالمی ادارہ خوراک اور بلوچستان حکومت کا غذائیت کے معیار کی بہتری کیلئے معاہدہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | ڈی آئی جی کوئٹہ نے چار تھانیدار تبدیل کردیئے | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | خواتین کو سیاست میں نہ گھسیٹا جائے چاہیے انکا تعلق جس بھی جماعت سے ہو، سردار اختر مینگل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کے مسائل سیاسی ہیں انکا سیاسی حل تلاش کیا جائے سیاسی جماعتیں۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | ملک میں جمہوریت کو کبھی پھلنے پھولنے کا موقع نہیں ملا ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

خضدار اوڈھ میں لیویز کی کاروائی 40 کلوگرام چرس برآمد کسٹمز نے 15 کروڑ سے زائد کا غیر ملکی سامان قبضے میں لے لیا، دالبندین مزدا گاڑی سے 19 بوری تدریسی کتب برآمد، حب سے 15 جواری رنگے ہاتھوں گرفتار، پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری مزید 12 ملزمان گرفتار، حب کوچ سے غیر ملکی کپڑا، چھالیہ سمیت دیگر سامان برآمد، کچلاک پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے 1 شخص کو گرفتار کرلیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18-05-2023

## عوامی مسائل

ہرنائی کا ملک بھر سے زمینی رابطہ منقطع سیکٹروں گاڑیاں پھنس گیس بلڈ کینسر دواساز کمپنی کا 700 مریضوں کو مفت ادویات دینے سے انکار، چمن شناختی کارڈ کیلئے لوگوں کو جعلی سازی سے خاندان میں شامل کرنیکا انکشاف۔ ایک سال سے کھلے آسمان تلے پڑے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر، ڈھاڈر و گردنواح میں ملیریا وبا کی شکل اختیار کررہی ہے،

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان کو درپیش مالی چیلنجز صوبائی کابینہ کا اظہار افسوس !!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے  بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں صوبے کو درپیش مالی مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم کو صوتحال سے آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو کی زیرصدارت اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نے سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے دس ارب کی جس رقم کا اعلان کیا تھا وہ تاحال صوبائی حکومت کو نہیں ملی اس طرح پی پی ایل کی جانب سے اربوں روپے کے واجبات کا معاملہ سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا یہ رقم اگر بلوچستان کو مل جائے تو صوبے کو بہت ریلیف مل سکتا ہے اور اس کے مالی معاملات میں کافی بہتری آسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ صوبے میں جاری ترقیاتی عمل کو ہرصورت برقرار رکھا جائے گا اور مالی مسائل نے نو مئی کو ملک میں بدامنی کے واقعات اور عسکری سرکاری تاریخ املاک پر حملوں اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**جیل میں قیدیوں کو باعزت شہری بنانے کی کوشش خوش آئندہ اقدام**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح جدید انفارمیشن کی جانب نئے سفر کا آغاز**" کے عنوان سے رفیع صحرائی کا تجزیہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 18 MAY 2023

Page No: 1

# ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، گورنر بلوچستان

## پائیدار ترقی اور امن و آشتی کیلئے تعلقات مستحکم کرنیکی ضرورت، بابر یوسفزئی سے گفتگو

### وائس چانسلرز کانفرنس سے پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے مالی مسائل حل کرنے میں رہنمائی ملیگی، ڈاکٹر عبدالرحمن کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پائیدار ترقی اور امن و آشتی کیلئے تمام سرکاری محکموں کے مابین مضبوط روابط کے ساتھ ان کے سربراہان کے درمیان بھی تعلقات مستحکم کرنے کی اشد ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے صوبے کے آئینی اور انتظامی سربراہان کا منتخب عوامی نمائندوں سے مسلسل رابطے اور مشاورت ناگزیر ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو گورنر ہاؤس کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترجمان بابر یوسفزئی سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ زمینی حقائق کا درست ادراک حاصل کرنے اور عوام کو درپیش مشکلات اور مسائل سے خود کو آگاہ کرنے کیلئے بحیثیت گورنر بلوچستان روز اول سے اپنی پوری ٹیم کے ساتھ مختلف اضلاع کے دورے بھی کرتے رہے ہیں، علاوہ ازیں گورنر ہاؤس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتوں کے دوران فیڈبیک بھی لیتا ہوں، گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہم بلا امتیاز عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور ہم سب کو ساتھ لے جانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، گورنر بلوچستان نے وزیراعلیٰ کے ترجمان پر زور دیا کہ اگر ہر ذمہ دار شخص مفاد خلق کے تناظر میں اپنے حصے کا کردار کرے تو صوبہ ترقی بھی کریگا اور ہمارے درمیان غلط فہمیاں بھی دور ہو سکتی ہیں، اس موقع پر ترجمان وزیراعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا کہ گورنر بلوچستان صوبہ کے ایک آئینی سربراہ ہونے کے علاوہ وہ ہمارے سینئر سیاسی سینئر رہنما بھی ہیں، آئندہ بھی گورنر بلوچستان کی رہنمائی میں پورے صوبے میں پائیدار امن اور ترقی کا سفر جاری رہے گا۔ دریں اثناء گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سپورٹسمین دراصل امن کے سفیر ہوتے ہیں اور پاکستان کو مختلف کھیلوں میں ورلڈ چیمپئن کا اعزاز دلانے کا سہرا بھی ہمارے قومی کھلاڑیوں کے سر ہے، ایشین باکسر شعیب زہری نے مقابلہ جیت کر ہم سب کا سر فخر سے بلند کیا، گورنر نے کہا کہ بلوچستان کے تمام قومی اور بین الاقوامی کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرنے کے ساتھ ان کو جدید تربیت اور مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایشین باکسنگ چیمپئن شعیب زہری سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمارے نوجوان بہت باصلاحیت ہیں اور ان کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان نے کہا ہے کہ پل پل بدلتی دنیا میں اپنی قومی ترجیحات کا تعین کرکے ہی اپنی موجودہ اور مستقبل کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں، ہم پہلی مرتبہ آل بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز وائس چانسلرز کانفرنس کو حتمی شکل دے رہے ہیں جس سے بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے مالی مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے میں بھرپور رہنمائی ملے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو گورنر ہاؤس کوئٹہ بیوٹمز کے قائمقام وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرحمن ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے بیوٹمز کے قائمقام وائس چانسلر اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ آل یونیورسٹیز وائس چانسلرز کانفرنس کی کامیابی کے حوالے سے آپ پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، اس میں ہم وائس چانسلرز کے علاوہ دیگر اقتصادی ماہرین اور سیاسی دانشوروں کے علم اور تجربہ سے بھی استفادہ کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر شخص کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، عبدالولی کاکڑ

## پائیدار ترقی اور امن و آشتی کیلئے تمام سرکاری محکموں کے مابین مضبوط روابط کے ساتھ ساتھ ان کے سربراہان کے درمیان بھی تعلقات مستحکم کرنیکی ضرورت ہے

## عوام کو درپیش مشکلات سے خود کو آگاہ کرنے کیلئے بحیثیت گورنر بلوچستان روز اول سے اپنی پوری ٹیم کے ساتھ مختلف اضلاع کے دورے بھی کرتا رہا ہوں

## ہم بلا امتیاز عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور ہم سب کو ساتھ لے جانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، گورنر کی وزیراعلیٰ کے ترجمان بابر یوسفزئی سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ پائیدار ترقی اور امن و آشتی کیلئے تمام سرکاری محکموں کے مابین مضبوط روابط کے ساتھ ساتھ ان کے سربراہان کے........

بقیہ 25 صفحہ نمبر 9 پر

درمیان بھی تعلقات مستحکم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے صوبے کے آئینی اور انتظامی سربراہان کا منتخب عوامی نمائندوں سے مسلسل رابطے اور مشاورت ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترجمان بابر یوسفزئی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 2

# Effective coordination within govt vital to country's uplift, says Governor

Staff Report

QUETTA: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that there was an urgent need to strengthen relations between all government departments as well as among their heads for sustainable development, peace and harmony.

He said that to ensure good governance, constant communication consultation of the constitutional and administrative heads of the province with the elected public representatives was indispensable. He expressed these views while talking to Chief Minister Balochistan's spokesperson Babar Yousafzai at Governor House here on Wednesday. On this occasion, Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that in order to get a correct understanding of the ground realities and to inform himself about the difficulties and problems faced by the people, the governor of Balochistan has been visiting various districts with his entire team from day to day. Apart from this, I also took feedback during meetings with people from different walks of life in the Governors House, he added.

Governor Balochistan said that we believed in serving the people without discrimination and we were following the policy of taking everyone together. He emphasized on the spokesman of the Chief Minister that if every responsible person plays his part in the context of the welfare of the people, then the province would develop and misunderstandings between us could also be removed.

On this occasion, the spokesperson of Balochistan Chief Minister Babar Yousafzai said that apart from being a constitutional head of Governor Balochistan province, he was also our senior political senior leader. The journey of sustainable peace and development will continue in the entire province under the guidance of Governor Balochistan, he noted.

Moreover, Acting Vice-Chancellor of BUITEMS Dr. Abdul Rehman Khan called on Governor Balochistan at the Governor's House on Wednesday. On this occasion, Governor Balochistan while appreciating the efforts of the Acting Vice-Chancellor of University and his entire team said that you have great responsibilities regarding the success of the All Universities Vice-Chancellors' Conference. In this, apart from the Vice Chancellors, we will also utilize the knowledge and experience of other economic experts and political intellectuals.

Furthermore, Asian Boxing Champion Shoaib Zehri from Balochistan on Wednesday called on Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar.

During the call on meeting the Governor Balochistan said that sportsmen are actually the ambassadors of peace and our national sportsmen are also the leaders of giving Pakistan the honor of world champion in various sports.

Asian boxer Shoaib Zehri won the competition and made us all proud. Governor Balochistan said that it is the responsibility of the government to provide modern training and opportunities to all the national and international athletes of Balochistan.

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 18 MAY 2023

Page No: 3


## وزیراعلیٰ نے اخبارات کے واجبات کیلئے اضافی فنڈز کی منظوری دیدی

**پرنسپل سیکرٹری عمران گچکی نے مقامی مدیروں سے ملاقات میں مسئلے کے حل کی یقین دہانی کرائی تھی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اخباری صنعت سے کی گئی اپنے ایک اور وعدے کی تکمیل کرتے ہوئے اخبارات کے بلوں کی مد میں واجبات کی ادائیگی کے لیے اضافی فنڈز کے اجراء کی منظوری دیدی ۔وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ اطلاعات کی جانب سے ارسال کی گئی سمری پر دی ۔واضح رہے کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری عمران گچکی نے مقامی اخبارات کے مدیران سے گزشتہ دنوں ہونے والی ملاقات میں انہیں یقین دہانی کرائی تھی کہ فنڈز کے حوالے سے درپیش مسئلہ کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے سیکرٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور ڈی جی پی آر کامران اسد کو درکار اضافی فنڈز کے اجراء کے لیے سمری فوری طور پر وزیراعلیٰ کی منظوری کے لیے پیش کرنے کی ہدایت کی تھی۔

## محکمہ مواصلات وتعمیرات میں چیف کوالٹی کنٹرول کا عہدہ دوبارہ تبدیل

**عہدے کو سی اینڈ ڈبلیو اور پی پی ایچ آئی میں بطور چیف انجینئر شفٹ کرنے کی منظوری دے دی گئی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ مواصلات وتعمیرات میں چیف کوالٹی کنٹرول MT&FC (B-20) لیب کے عہدے کا دوبارہ عہدہ تبدیل کرتے اور اسے CW,PP&H ڈیپارٹمنٹ میں بطور چیف انجینئر (E&M/B-20) شفٹ کرنے کی منظوری دے دی اس کا مقصد محکمہ مواصلات وتعمیرات میں فوری طور پر فنکشنل اسپیشلائزیشن کو بہتر بناتے ہوئے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ میں الیکٹریکل اور مکینیکل ونگ کے موجودہ تنظیمی ڈھانچے کو بہتر کرنا ہے اس وقت کوئٹہ میں الیکٹریکل اینڈ مکینیکل کا ایک (01) انتظامی سرکل ہے جس کا سربراہ سپرنٹنڈنگ انجینئر ہے جس کے ماتحت اضلاع میں تین (03) ڈویژنل دفاتر/ورکشاپس ہیں کوئٹہ، سبی اور خضدار ایگزیکٹو انجینئرز کے ماتحت کام کر رہے ہیں جبکہ پورے صوبے میں (E&M) ورکشاپس کو مضبوط بنانے کے لیے تجویز دی گئی ہے کہ انہیں ایک مناسب ونگ قائم کر کے چیف انجینئر (E&M) کی چھتری کے نیچے لایا جائے اس سے الیکٹریکل اور مکینیکل انجینئرز کی خدمات کے موثر استعمال میں مدد ملے گی اور ان کے لیے ان کے عہدے پر ترقی کے حوالے سے مستقبل میں کیریئر کی ترقی کا راستہ کھل جائے گا۔

Century Express Quetta

## وزیراعلیٰ نے اخبارات کو واجبات کی ادائیگی کیلئے اضافی فنڈ کی منظوری دیدی

**منظوری محکمہ اطلاعات کی سمری پر دی، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری نے چندروز قبل مدیران کو مسئلے کے حل کا یقین دلایا تھا**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اخباری صنعت سے کئے گئے اپنے ایک اور وعدے کی تکمیل کرتے ہوئے اخبارات کے بلوں کی مد میں واجبات کی ادائیگی کے لئے اضافی فنڈز کے اجراء کی منظوری دے دی ۔وزیراعلیٰ نے یہ منظوری (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

محکمہ اطلاعات کی جانب سے ارسال کی گئی سمری پر دی واضح رہے کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری عمران گچکی نے مقامی اخبارات کے مدیران سے گزشتہ دنوں ہونے والی ملاقات میں انہیں یقین دہانی کرائی تھی کہ فنڈز کے حوالے سے درپیش مسئلہ کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے سیکریٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور ڈی جی پی آر کامران اسد کو درکار اضافی فنڈز کے اجراء کے لئے سمری فوری طور پر وزیراعلیٰ کی منظوری کے لئے پیش کرنے کی ہدایت کی تھی۔

INTEKHAB QUETTA

## وزیراعلیٰ نے بجٹ کیلئے تجاویز طلب کرلیں

**بلوچستان کے بجٹ میں تعلیم امن وامان پانی ترجیحات میں شامل ہونگے، ذرائع**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آئندہ مالی سال 2023-24 کے بجٹ کیلئے حکومت میں شامل اتحادیوں سے تجاویز طلب کرلیں۔ذرائع کے مطابق بلوچستان کے بجٹ کا کل حجم ساڑھے 5 سو ارب روپے سے زائد رکھے بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہو گئی ہے ہزارہ پر ڈے حکومت بلوچستان محکمہ ثقافت کے زیر اہتمام اور ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے تعاون سے منایا جارہا ہے جسکی بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 5

## وزیر داخلہ کی لہڑی ہاؤس آمد، کچھی میں جاری تنازع پر تبادلہ خیال

**سردار جاوید لہڑی اور حاجی نور اللہ لہڑی سے ملاقات، دونوں قبائل تنازع پرامن طریقے سے حل کریں، ضیاء لانگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ و قبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو کی لہڑی ہاؤس آمد۔ سردار جاوید عزیز لہڑی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر صوبائی رہنما حاجی میر نور اللہ لہڑی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں کچھی میں لہڑی اور ابڑو جاموٹ قبائل کے درمیان جاری تنازع کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ حکومت کی اولین کوشش ہے کہ علاقے میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے دونوں قبائل کے درمیان چلنے والے تنازع کو پرامن طریقے سے حل کیا جائے۔ سردار جاوید عزیز لہڑی اور حاجی میر نور اللہ لہڑی نے کہا کہ ہم جنگ وجدل نہیں چاہتے اور ہر فورم پر تنازع کے حل کے لئے بیٹھنے کو تیار ہیں تاہم مذاکرات برابری کی بنیاد پر ہونے چاہئیں۔ ہماری کوشش ہے کہ مسئلے کا حل ہو۔ اس موقع پر وڈیرہ دوست علی لہڑی اور میر احمد لہڑی بھی موجود تھے۔

## صوبائی وزیر اسد بلوچ نے سلیم کھوسہ سے تعزیت کی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم کھوسہ کی رہائش گاہ جاکر سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر ظہور حسین کھوسہ کی وفات پر فاتحہ اور تعزیت کی۔

## ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی چاہتے ہیں، مولانا عبدالواسع

**وقت آگیا عمران سے تباہی و بربادی کا حساب لیا جائے، ارکان اسمبلی سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ملک اس وقت مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا 9 مئی کے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے عمران نیازی نے ملک کو تباہی و بربادی سے دوچار کردیا اب وقت آگیا ہے کہ ان سے پورا حساب لیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں اراکان اسمبلی حاجی نواز کاکڑ، اصغر علی ترین، یونس عزیز زہری، قبائلی رہنما ملک عبدالقیوم کاکڑ و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رہنماؤں نے سیاسی صورتحال اور بلدیاتی انتخابات کے چوتھے مرحلے سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال بھی کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جمعیت اس وقت پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی و مذہبی قوت ہے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی کال پر مختصر وقت میں ملک بھر سے کارکنوں نے اسلام آباد میں کامیاب دھرنا دیا جس پر جمعیت بلوچستان کے عہدیدار و کارکن داد تحسین کے مستحق ہیں۔ صوبائی امیر نے کہا کہ ہم ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی چاہتے ہیں مگر جب سے تحریک انصاف اور عمران نیازی نے سیاست میں قدم رکھا ہے انہوں نے ہمیشہ دوست اور ہمسایہ ممالک کو ناراض کیا۔

## ہمیں سب سے پہلے پاکستان کو مقدم رکھنا چاہئے، ضیاء اللہ لانگو

**سیاستدان متحد ہوکر لوگوں کو غلط جذباتی اور دشمن کے راستے سے ہٹائیں، بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ملک میں جو سیاسی حالات چل رہے ہیں اس میں ہمیں سب سے پہلے پاکستان کو مقدم رکھنا چاہیے پھر تمام اداروں کا ایسا احترام کرنا چاہیے جنہیں ملک کے اندر اور باہر بھی عزت اور احترام کی نظر سے دیکھا جائے سیاستدانوں کو چاہیے کہ اپنے لوگوں کو اخلاقیات اچھی زبان، اصولوں اور اپنے نظریات پر کاربند رہنے اور اپنی سرزمین بشمول عوام کیلئے اپنی خدمات کو بروئے کار لائیں اور عوام کو متحد رکھیں پاکستان کی ترقی کیلئے کام کریں اور عوام کو غلط، جذباتی راستے اور عوام کو دشمن کے راستے سے ہٹائیں اور ترقیاتی پاکستان کا راستہ دکھائیں جس سے دہشتگردوں کو منہ کی کھانی پڑے دشمن قوتیں جس میں بھارت سرفہرست ہے وہ ہمیشہ پاکستان میں اس طرح کے انتشار چاہتا ہے اور وہ آج کل کے حالات کو مزید خراب دیکھنا چاہتا ہے ہم ایک قوم بن کر پاکستان سے وفاداری کا ثبوت دے کر قومی ایشوز پر ایک ہوکر عوام کو مطمئن کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## عمران خان کو کرسی پر بٹھائیں تو سب اچھے، وہ کرسی سے اتر جائیں تو سب برے ہو گئے، شاہ زین

**یہ عجیب منطق ہے، پاکستان کی تاریخ میں بڑے بڑے سیاستدانوں نے جیلیں کاٹی ہیں اور ان کا قد عمران خان سے بہت بڑا تھا**

**اعلیٰ مقدس کرسیوں پر بیٹھے تین ججز نے جس طرح کے فیصلے کئے ملک کی تاریخ میں ان کی مثال نہیں ملتی، وفاقی وزیر اینٹی نارکوٹکس**

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی وزیر اینٹی نارکوٹکس نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے کہا ہے کہ عمران خان کو کرسی پر بٹھائے تو سب اچھے وہ کرسی سے اتر جائیں تو سب برے، یہ عجیب منطق ہیں، پاکستان کی تاریخ میں بڑے بڑے سیاستدانوں نے جیلیں کاٹی ہے اور ان کا قد عمران خان سے بہت بڑا تھا تین ججز اعلیٰ مقدس کرسیوں پر بیٹھے ہیں انہوں نے جس طرح کے فیصلے کئے ملک کی تاریخ میں ان کی مثال نہیں ملتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک انٹرویو میں کیا۔ نوابزادہ شاہ زین بگٹی نے کہا کہ تین ججز اعلیٰ مقدس کرسیوں پر بیٹھے ہیں انہوں نے ........ بقیہ نمبر 57 صفحہ 9 پر

جس طرح کے فیصلے کئے ملک کی تاریخ میں ان کی مثال نہیں ملتی ہے عمران خان ایک فتنہ ہے اس نے معاشرے کو یہاں کھڑا کردیا ہے اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی ہے پہلے عمران خان کہتا تھا کہ سابق آرمی چیف نے یہ کردیا اب کہتا ہے موجودہ آرمی چیف نے یہ کردیا ہاتھ سے پکڑ کر عمران خان کو وزیر اعظم کی کرسی پر بیٹھایا جائے تو آرمی چیف سمیت تمام پارلیمان ان کی نظر میں اچھے ہیں

سرکاری سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 18 MAY 2023

Page No: 7

## کوئٹہ میں نیشنل گیمز کا انعقاد صوبے کے لیے اعزاز کی بات ہے، چیف سیکرٹری

### عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس، سیکرٹری اطلاعات نے اجلاس کو بریفنگ دی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کررہی ہے تمام افسران عوام کی خدمت میں دن رات کام کریں کیونکہ ہم یہاں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری لاء و عبدالنصیر کو بزنس سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پروجیکشن، پی ایس ڈی پی آٹومیشن اور پی ایس ڈی پی 2023-2024 کی تیاری، گندم کی خریداری، ای خدمت سنٹرز کا قیام، پاکستان سٹیزن پورٹل، ڈیجیٹل میڈیا سیل، ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری، نیشنل گیمز کی بہترین کوریج، گوگل کی جانب سے بلوچستان کے طلباء کو اسکالرشپس سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تعلقات عامہ میں قائم ڈیجیٹل میڈیا سیل حکومت کی ترقیاتی منصوبوں کی تشہیر اور سوشل میڈیا پر حکومت پر تنقید کا فوری طور پر جواب دے رہا ہے چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ کے لیے اقدامات کررہی ہے اور صوبے کے لئے اعزاز ہے کہ 19سال بعد کوئٹہ میں نیشنل گیمز منعقد ہورہے ہیں جس سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں صوبے کا مثبت امیج سامنے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ افتتاحی تقریب میں وزیراعظم پاکستان شرکت کریں گے انہوں نے ہدایت کی کہ نیشنل گیمز کی کامیابی کے لیے بہترین کوریج کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری خوراک نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ محکمے نے اس وقت 6لاکھ گندم کی بوریاں خریدی ہیں اس کے علاوہ نصیرآباد ڈویژن میں گندم ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں اور اس وقت تقریباً 30ہزار بوریاں قبضے میں لی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آگاہ کیا ہے کہ ملک کو شدید مالیاتی مسائل کا سامنا ہے جس کی وجہ سے سنگین معاشی چیلنجز ہیں وفاقی حکومت کی طرف سے اپنائے جانے والے قومی کفایت شعاری کے اقدامات کا منظور شدہ سیٹ صوبوں کو بھی تجویز کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی کفایت شعاری کے اقدامات پر عملدرآمد کے لیے کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انتظامی افسران بجلی اور گیس کی بچت کے لیے اقدامات کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MASHRIQ QUETTA

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 18 MAY 2023 Page No: 11

Bullet No. 2

# عالمی ادارہ خوراک اور بلوچستان حکومت کا غذائیت کے معیار کی بہتری کیلئے معاہدہ

باہمی اشتراک سے گوادر اور لسبیلہ میں غذائیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے گوادر لسبیلہ لائیولی ہوڈ سپورٹ پراجیکٹ کے نفاذ اور رسائی مدد کی جائے گی

دو سال سے کم عمر کے تقریباً ایک تہائی بچے درمیانے درجے کی شدید غذائی قلت (ایم اے ایم) اور 14 فیصد شدید شدید غذائی قلت (SAM) کا شکار ہیں

یقین ہے حکومت بلوچستان اور ڈبلیو ایف پی کے درمیان شراکت داری ہمارے مشترکہ غذائی اہداف کو حاصل کرنے میں ہماری مدد کرے گی۔ راتھی پالکرشنن

کوئٹہ (خ ن) اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (WFP) اور حکومت بلوچستان کے باہمی اشتراک سے بلوچستان کے دو اضلاع گوادر اور لسبیلہ میں غذائیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے گوادر لسبیلہ لائیولی ہوڈ سپورٹ پراجیکٹ (GLLSP) کے نفاذ اور انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ (IFAD) کی طرف سے مالی اعانت فراہم کرنے والے معاہدے پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈبلیو ایف پی کی پاکستان میں قائم مقام کنٹری ڈائریکٹر محترمہ راتھی پالکرشنن (PalakrishnanMs.) جبکہ حکومت بلوچستان کی جانب سے گوادر لسبیلہ لائیولی ہوڈ سپورٹ پراجیکٹ کے سربراہ رحمت دشتی نے نمائندگی کی۔ اس موقع پر پاکستان میں قائم مقام کنٹری ڈائریکٹر ڈبلیو ایف پی محترمہ راتھی پالکرشنن (PalakrishnanRathi) نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ حکومت بلوچستان اور ڈبلیو ایف پی کے درمیان شراکت داری ہمارے مشترکہ غذائی اہداف کو حاصل کرنے میں ہماری مدد کرے گی۔ جبکہ صوبائی سربراہ گوادر لسبیلہ لائیولی ہوڈ سپورٹ پراجیکٹ کے ڈائریکٹر رحمت دشتی نے IFAD اور عالمی ادارہ خوراک WFP کی غذائی اور زرعی تحفظ کے لیے صوبے میں اعانت کو سراہا اور اسے صوبے کے ان اضلاع کے غریب طبقے کے لیے مدد کا ذریعہ قرار دیا۔ عالمی ادارہ خوراک کی سربراہ نے کہا کہ یہ پراجیکٹ غذائیت سے متعلق رویوں میں تبدیلی اور غذائی قلت کی روک تھام میں کارگر ثابت ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بچوں کی غذائی قلت میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔

# بلوچستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کیلئے جدید پلان تیار کرنے کا فیصلہ

زراعت کا شعبہ صوبے کی ترقی و خوشحالی میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے لیکن گزشتہ سال سیلاب لاکھوں ایکڑ اراضی کو نقصان پہنچایا

پیداواری صلاحیتوں کو بڑھایا جائے گا اور جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی تیار کی جائے گی، ڈی جی علی رضا جمالی

کوئٹہ (خ ن) آن فارم واٹر مینجمنٹ کے ذریعے زرعی پیداوار کو بڑھاتے ہوئے صوبائی ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے زرعی زمینوں پر پانی کی کمی کے ذریعے پیداواری صلاحیتوں کو بڑھایا جائے گا اور جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی تیار کی جائے گی محکمے کے ہر آفیسر و عہدیداران کو اس حوالے سے اپنا احسن کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل زراعت برائے آن فارم واٹر مینجمنٹ علی رضا جمالی نے اپنا چارج سنبھالنے کے بعد محکمہ کے آفیسران سے ملاقات کے دوران کیا۔ نظامت اعلیٰ زراعت کے آفیسران نے علی رضا جمالی کو بطور ڈائریکٹر جنرل تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت محکمہ ترقی کی نئی منازل طے کرے گا اور محکمے کی کارکردگی میں واضح بہتری نظر آئے گی۔ زراعت آفیسر سجاد عمرانی نے ڈائریکٹر جنرل علی رضا جمالی کو محکمے کے انتظامی و دیگر امور پر تفصیلاً بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل علی رضا جمالی نے کہا کہ زراعت کا شعبہ صوبے کی ترقی و خوشحالی میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے لیکن گزشتہ سال سیلاب سے لاکھوں ایکڑ اراضی کو نقصان پہنچا اور نہ صرف اربوں روپے کی فصل تباہ ہوئی بلکہ آبپاشی کا نظام بھی متاثر ہوا۔ خصوصاً سیلاب کے بعد صوبے میں زراعت کے شعبے کو بیشتر چیلنجز کا سامنا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# کچھی کینال توسیع منصوبہ دو ماہ میں مکمل ہو جائیگا

چیئرمین واپڈا ڈیرہ بگٹی پہنچ گئے

ڈیرہ بگٹی میں کچھی کینال کی 40 کلومیٹر مرکزی پختہ نہر اور 30 کلومیٹر واٹر ڈسٹری بیوٹر سسٹم کی تعمیر مکمل ہو چکا ہے

کچھی کینال کے پہلے فیز کے مکمل ہونے سے 30 ہزار ایکڑ زیر کاشت آئے گی، چیئرمین واپڈا کو بریفنگ

ڈیرہ بگٹی (آئی این پی) صوبہ بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں زیر تعمیر کچھی کینال توسیعی منصوبہ اگلے ایک دو ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ اس منصوبے کی بدولت 30 ہزار ایکڑ مزید اراضی زیر کاشت آئے گی۔ توسیعی منصوبہ مکمل ہونے سے کچھی کینال کے پہلے مرحلے (فیز-1) کا کمانڈ ایریا 72 ہزار ایکڑ سے بڑھ کر ایک لاکھ دو ہزار ایکڑ ہو جائے گا۔ کچھی کینال توسیعی منصوبے کے دورے کے موقع پر ایک بریفنگ کے بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

دوران بتائی گئی۔ یہ بات چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل سجاد غنی (ریٹائرڈ) کو دی گئی ضلع ڈیرہ بگٹی میں زیر تعمیر کچھی کینال توسیعی منصوبے سے متعلق دی جانے والی بریفنگ میں بتائی گئی۔ جنرل منیجر (سنٹرل) واٹر سید علی اختر شاہ، پراجیکٹ کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز کے نمائندوں نے چیئرمین واپڈا کو بتایا کہ کچھی کینال توسیعی منصوبہ کے تحت 40 کلومیٹر طویل مرکزی پختہ نہر، متعلقہ سٹرکچرز اور 30 کلومیٹر طویل واٹر ڈسٹری بیوشن سسٹم پر تعمیراتی کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ چند ایک سائٹس پر تعمیراتی کام جاری ہے جسے جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ چیئرمین واپڈا نے مرکزی نہر، سٹرکچرز اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھی کینال بلوچستان کے لیے بہت اہم ہے۔ اس منصوبے کی وجہ سے بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں آبپاشی زراعت اور زرعی صنعت کی ترقی سے غربت کے خاتمے میں مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توسیعی منصوبے کے کمانڈ ایریا کی ڈویلپمنٹ بھی مساوی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت بلوچستان توسیعی منصوبے کے لئے کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ کو کسی تاخیر کے بغیر عمل کرے گی تاکہ اس منصوبے کے فوائد پوری طرح حاصل کئے جا سکیں۔ چیئرمین واپڈا کو 2017ء میں مکمل کئے گئے کچھی کینال منصوبے کے بحالی پلان کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ 2017ء میں پہلے مرحلے کے تحت مکمل کی گئی

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 13


## خواتین کو سیاست میں نہ گھسیٹا جائے چاہے ان کا تعلق جس بھی جماعت سے ہو، سردار اختر مینگل

شیریں مزاری کے ساتھ ایسے رویے کی مذمت اور فوری رہائی کا مطالبہ کرتا ہوں، خواتین کے ساتھ ایسا عمل ناقابل قبول ہے، سربراہ بی این پی

سردار اختر مینگل کی ... اور ... اقبال سے ملاقات ... بلوچستان کے ... مسائل اور ترقیاتی اسکیمات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ(یو این اے) حکومتی اتحادی جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے سربراہ سردار اختر مینگل نے پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی کی رہنما شیریں مزاری کی رہائی کا مطالبہ کر دیا واضح رہے کہ پی......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 9 پر

ٹی آئی رہنما شیریں مزاری کو گزشتہ روز عدالتی حکم پر رہا کیا گیا تھا تاہم اڈیالہ جیل سے نکلتے ہی پولیس نے انہیں دوبارہ تحویل میں لے کر نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا تھا پاکستان تحریک انصاف کے متعدد رہنماؤں کو تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کر کے مختلف جیلوں میں رکھا گیا ہے سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ شیریں مزاری کے ساتھ ایسے رویے کی مذمت اور فوری رہائی کا مطالبہ کرتا ہوں، خواتین کے ساتھ ایسا عمل ناقابل قبول ہے، خواتین کو سیاست میں نہ گھسیٹا جائے چاہے ان کا تعلق جس بھی

## بلوچستان کے مسائل سیاسی ہیں ان کا سیاسی حل تلاش کیا جائے، سیاسی جماعتیں

بلوچستان میں سیاسی انجینئرنگ کی کوششیں شروع کر دی گئی ہے صوبے عوام اب باشعور ہو چکے، جان محمد بلیدی جہانزیب بلوچ

سیاسی اختیار چھیننے کی سازش کو قوم ... سیاسی قوتیں قبول ... مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر متفق ہیں ...

تربت(آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل جہانزیب بلوچ کی سربراہی میں دونوں سیاسی جماعتوں کا اہم نشست جان محمد بلیدی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی اور نیشنل پارٹی کی قیادت نے بلوچستان کے سیاسی مسائل پر مشترکہ و متفقہ سیاسی موقف اختیار کرنے اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے مسائل سیاسی ہیں ان کا حل سیاسی ہو سکتا ہے۔ انہوں نے بلوچستان کے انتخابی عمل میں بے جا مداخلت پر شد......... بقیہ نمبر 85 صفحہ 9 پر

ید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ایک بار پھر بلوچستان میں سیاسی انجینئرنگ کی کوششیں شروع کر دی گئی ہے گزشتہ عام انتخابات میں پورے ملک خصوصی بلوچستان میں انتخابی و سیاسی عمل میں مداخلت کرتے ہوئے جو نتائج حاصل کیے گئے ان کی وجہ سے آج پورا بلوچستان شدید انتظامی، سیاسی اور معاشی بحران کا شکار ہے

## تاجروں کے مسائل حل نہیں ہو رہے، انجمن تاجران بلوچستان کا 22 مئی کو احتجاج کا اعلان

سرکاری افسران کو سرکار اس لئے تنخواہ دیتی ہے کہ وہ تاجروں اور عوام کے مسائل خوش اسلوبی سے حل کریں

حکومت سرکاری کرسی، مراعات اور مشینری کا غلط استعمال کرنے کا نوٹس لے، رحیم آغا، ولی افغان، ظہور کاکڑ

کوئٹہ(سٹی رپورٹر) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے نامناسب رویے کے خلاف 22 مئی کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کے گیٹ کے سامنے پرامن احتجاجی مظاہرے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت تاجروں کے ساتھ ایڈمنسٹریٹر کے رویے کا نوٹس لیکر اسکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے گی۔ یہ بات انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، ولی افغان، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی عبدالظاہر بڑیچ، میر بالاچ خان شاہوانی، سید حیدر آغا، طاہر جدون، شفیع آغا، اسد خان ترین اور دیگر تاجروں کے ہمراہ بدھ......... بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر

کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ انجمن تاجران بلوچستان نے ہمیشہ تاجروں کی فلاح و بہبود کیلئے پرامن جدوجہد کی ہے اور ہمیشہ سرکاری افسران کو عزت کی نگاہ سے دیکھا ہے کیونکہ سرکاری افسران کو سرکار اس لئے تنخواہ دیتی ہے کہ وہ تاجروں اور عوام کے مسائل خوش اسلوبی سے حل کریں لیکن کبھی کبھار ایسے کالے بھیڑیے پیدا ہوتے ہیں

## لواحقین کوٹہ پر تمام ادارے جلد عملدرآمد کریں، پی ڈبلیو سی

کوٹہ پر عملدرآمد سے فوت شدہ ملازمین کے گھروں کے حالات بہتر ہوں گے، کریم ترین

لواحقین کوٹہ بحالی میں تمام تنظیموں کی جدوجہد، ماما سلام کا کردار نمایاں ہے، علی بخش جمالی

کوئٹہ(پ ر) "پی ایچ ای" ایمپلائز ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام ایک گیٹ میٹنگ پی ایچ ای ایمپلائز ایسوسی ایشن کوئٹہ ڈویژن میں منعقد ہوا جس میں متحدہ لیبر فیڈریشن پاکستان ورکرز فیڈریشن اور دیگر تنظیموں کے عہدیداروں نے بھرپور شرکت کی گیٹ میٹنگ سے پاکستان ورکرز فیڈریشن کے صدر حاجی کریم ترین جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ پی ایچ ای ایمپلائز ایسوسی ایشن بلوچستان صدر اقبال یارخان پی ایم سی ایمپلائز ایسوسی ایشن......... بقیہ نمبر 76 صفحہ 9 پر

کے جنرل سیکرٹری عبدالستار مینگل ای اینڈ ایم کے ثناء الحق ایگریکلچرل کے ماما افضل بابو قوت بخش اختر محمد پی ایم سی ایسوسی ایشن کے عبدالستار مینگل، ڈرافٹسمین ایسوسی ایشن کے صدر نظام الدین متحدہ لیبر فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری محمد زمان اور متحدہ لیبر فیڈریشن کے صدر علی بخش جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لواحقین کوٹہ کافی جدوجہد کے بعد معزز عدالت سپریم کورٹ نے بحال کیا کہ بلوچستان کے تمام صوبائی اداروں میں دوران سروس فوت شدہ ملازمین کے بچوں کو نوٹیفکیشن کے مطابق بھرتی کیا جائے

## مولانا ہدایت الرحمان کی ضمانت، سپریم کورٹ میں سماعت آج ہوگی

معروف قانون دان ایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ کیس کی پیروی کریں گے

گوادر(یو این اے) حق دو تحریک بلوچستان کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان کی ضمانت سے متعلق کیس آج سپریم کورٹ میں دوبارہ سنی جائے گی مولانا ہدا......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 9 پر

یت الرحمان کی طرف سے ایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ کیس کی پیروی کرینگے، حق دو تحریک کے کونسلران اور کارکنان بھی آج اٹھارہ مئی کو سیشن جج گوادر کی عدالت میں پیش ہونگے، جمہوری طریقے سے اپنا حقوق مانگنے والوں کو قید کیا جاتا ہے، ہم نے جب حق کی بات کی تو ہم پر سیکڑوں بے بنیاد اور جھوٹے کیسز بنا کر قید کر دیا گیا، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی صحافیوں سے گفتگو تفصیلات کے مطابق حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کے ضمانت سے متعلق کیس آج سپریم کورٹ میں دوبارہ سنی جائے گی، سپریم کورٹ نے گزشتہ پیشی کے موقع پر بلوچستان حکومت کو بھی نوٹس جاری کیا تھا

امن وامان

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

18 MAY 2023

Bullet No. 4 DATE: ______ Page No: 16


## خضدار: وڈھ میں لیویز کی کارروائی، 40 کلوگرام چرس برآمد

### کار کو مشکوک پاکر روکا۔ ملزم گرفتار، منشیات کوئٹہ سے کراچی اسمگل کی جارہی تھی

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار کے ہدایت پر لیویز فورس وڈھ کی کارروائی بھاری مقدار میں منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام ملزم گرفتار گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی گاسلیٹی چیک پوسٹ پر لیویز فورس نے کار سے اعلیٰ کوالٹی کے چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا اسسٹنٹ کمشنر وڈھ محمد اقبال کھوسہ نے لیویز فورس کی کارروائی کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ر جمیل بلوچ کے احکامات کی روشنی میں لیویز نے منشیات اسمگلرز کے خلاف کارروائی کر کے کار سے 40 کلوگرام چرس برآمد کرلی اسسٹنٹ کمشنر وڈھ نے مزید کہا کہ گاسلیٹی چیک پوسٹ انچارج عبدالقادر باجوئی کی سربراہی میں لیویز اہلکاروں نے کار کو مشکوک پاکر روک لیا اور چیکنگ کے دوران گاڑی سے بھاری مقدار میں چالیس کلوگرام منشیات برآمد کر کے گاڑی اور منشیات اپنے قبضے میں کر کے ایک ملزم جاوید احمد ولد محمد اشرف ساکن کوٹ رادھا کشن ڈسٹرکٹ قصور پنجاب کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا۔ واضح رہے کہ وڈھ لیویز فورس کی جانب سے چوبیس گھنٹے میں یہ دوسری بڑی کارروائی ہے واضح رہے ڈپٹی کمشنر خضدار نے چارج سنبھالتے ہی لیویز دربار میں سختی سے احکامات جاری کیے کہ منشیات اسمگلرز کے لیے ضلع خضدار کو نو گو ایریا بنا دیا جائے منشیات کوئٹہ سے کراچی سمگلنگ کی جارہی تھی۔

## کسٹمز نے 15 کروڑ سے زائد کا غیر ملکی سامان قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (پ ر) کسٹمز حکام نے مختلف کارروائیوں کے 15 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا غیر ملکی سامان قبضے میں لے لیا ترجمان پاکستان کسٹمز بلوچستان ڈاکٹر عطا بزنجو کے مطابق فیلڈ انفورسمنٹ یونٹس نے چمن، دالبندین، رکھنی، بارکھان، رخشان، کولپور، لکپاس، ماشکیل، نوشکی، پنجپائی میں ایف سی اور دیگر اداروں کے تعاون سے مختلف کارروائیوں کے دوران 13 سو تھیلے چینی، پانچ سو سے زائد سولر، 67 ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل، 80 ٹن سکریپ پلاسٹک شاپر، پلاسٹک بیگز، رسیاں، ٹائرز، کپڑے، آئرن بارز، درجن کے قریب گاڑیوں سمیت مختلف سامان قبضے میں لے لیا کارروائیاں انفورسمنٹ کلکٹر عرفان اللہ خان کی ہدایات پر ایڈیشنل کلکٹر عمر شفیق کی زیر نگرانی کسٹمز حکام نے کیں واضح رہے کہ وزیر اعظم کی سخت ہدایات کے بعد اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں۔

## کوئٹہ پولیس کی کارروائیوں میں 17 افغانیوں سمیت 19 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس کی جرائم پیشہ عناصر اور غیر ملکی باشندوں کیخلاف کارروائیوں میں 17 افغانیوں سمیت 19 ملزمان کو گرفتار کر کے گاڑی، رکشہ، موٹر سائیکل اور بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ زوہیب محسن کی ہدایت پر نیو سریاب پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سعد اللہ، عزت اللہ، اسفند یار، محمد عمر خان کو گرفتار کر کے رکشہ موٹر سائیکل 5 ہزار روپے نقدی قبضے میں لے لی، نیو کچلاک پولیس نے دوران چیکنگ نور اللہ سے 5 کلو چرس 50 گرام شیشہ برآمد ہونے پر جبکہ 5 افغان باشندوں کو بھی گرفتار کرلیا، کچلاک پولیس نے اشتہاری عیسیٰ کو گرفتار کرلیا، خروٹ آباد پولیس نے مہر اللہ اور بلال کو گرفتار کر کے موبائل قبضے میں لے لئے، گوالمنڈی پولیس نے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی، سریاب پولیس نے اشتہاری بشیر احمد اور جاوید احمد، ایئر پورٹ پولیس نے اشتہاری کو گرفتار کرلیا جبکہ دوسری کارروائی میں پرائیوٹ گن مین غازی کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک رائفل اور تقریباً 2 درجن راونڈ قبضے میں لے لئے۔

## قلات: موٹر سائیکل کرین سے ٹکرا گئی، خاتون جاں بحق، ایک زخمی

قلات (نامہ نگار) کوہنگ کے قریب قومی شاہراہ پر موٹر سائیکل اور کرین میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق اور شوہر شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوہنگ کے قریب قومی شاہراہ پر موٹر سائیکل کرین سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق اور شوہر عبدالعلیم شدید زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمی اور خاتون کی لاش ڈی ایچ کیو پہنچائی، کرین ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔

## حب سے 5 جواری رنگے ہاتھوں گرفتار

حب (نامہ نگار) ایس ایچ او ہاجیت سید مصطفیٰ شاہ نے ندر چورنگی پر چھاپے کے دوران 5 جواریوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی ہوئی رقم قبضے میں لے لی۔

## دالبندین: مزدا گاڑی سے 19 بوری تدریسی کتب برآمد

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین کسٹم چیک پوسٹ سے مزدا گاڑی سے 19 بوری تدریسی کتب برآمد، ذرائع کے مطابق دالبندین سے کوئٹہ جانے والی مزدا گاڑی سے کسٹم چیک پوسٹ پر 19 بوری سرکاری تدریسی کتابیں برآمد کر لی گئیں اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط بزدار کے مطابق مزدا گاڑی اور ڈرائیور کو تحویل میں لے لیا گیا اے سی کے مطابق ابتدائی تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ نامعلوم زرنج (رکشہ) والے نے تین مختلف دکانداروں کو یہ کتابیں ردی کے طور پر فروخت کی تھیں فورس نے دو دکانداروں کو بھی حراست میں لے لیا رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر کے اصل حقائق جلد سامنے لائے جائیں گے اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے ذمہ داران کا اجلاس جمعرات کو طلب کرلیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## گینگ کی جانب سے نصیر آباد کے پولیس افسران کو نشانہ بنانے کا منصوبہ

### مستو شاہ نامی ڈاکو کی دھمکی پر نصیر آباد، جعفر آباد پولیس کی جانب سے سیکورٹی الرٹ جاری

### مذکورہ پولیس آفیسران کی سیکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کر دیا ہے، پولیس حکام

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دھنی بخش مگسی) بدنام زمانہ ڈاکو مستو شاہ نے اپنے باپ کا بدلہ لینے کیلئے نصیر آباد ڈویژن کے ڈی آئی جی سمیت پانچ اعلیٰ پولیس آفیسران کو......


بقیہ 17 صفحہ نمبر 9 پر


نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کرلی پولیس آفیسران پر کسی بھی وقت ایک بڑے حملے کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جاسکتا جاگیر میں موجود ڈاکوؤں کے

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 17

## ہرنائی کا ملک بھر سے زمینی رابطہ منقطع، سیکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں

**ندی نالوں میں طغیانی، قومی شاہراہوں کی بحالی کا عمل فوری شروع کیا جائے، گڈز ٹرک اونرز**

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی کے پہاڑی سلسلے میں بارش، ندی نالوں میں سیلابی ریلے آنے سے ہرنائی کا ملک بھر سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا۔ ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ گزشتہ دو ماہ سے سیلابی ریلے میں بہہ جانے کے باعث بند تھی جبکہ ہرنائی کوئٹہ شاہراہ زرد آلو ندی پر رابطہ پل نہ ہونے کے باعث ٹریفک کے لئے مکمل طور پر بند ہے، پہاڑی سلسلے میں سیکڑوں چھوٹی بڑی گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر شفیق خان ترین اور سبزی منڈی یونین کے ترجمان عبدالحق سیانی نے ہرنائی کا ملک بھر سے زمینی رابطہ کٹ جانے اور قومی شاہراہوں کی خستہ حالی کے حوالے سے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ ہرنائی سنجاوی کے درمیان طور خان تنگی کے مقام پر ایک بار پھر بند ہے، شاہراہوں کی خستہ حالی کے ذمہ دار محکمہ بی اینڈ آر اور مواصلات ضلع ہرنائی کے افسران کو قرار دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ بی اینڈ آر کے افسران ہرنائی سے غائب ہیں۔ آئے روز احتجاجی مظاہروں سے ہم تھک گئے اگر یہ افسران کام نہیں کر سکتے تو اپنا تبادلہ کرا لیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن ضلع ہرنائی کے ممبران ٹرکوں سے چندہ لیکر شاہراہ کو عارضی طور بحال کرتے ہیں لیکن ایک دن گزرنے کے بعد دوبارہ شاہراہ بند ہو جاتی ہے، شاہراہ کی بندش کے باعث زمینداروں، ٹرک مالکان اونرز، تاجروں، ٹرانسپورٹروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے انہوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف، چیئرمین این ایچ اے، وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، سینیٹر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری لیلیٰ ترین اور صوبائی وزیر مواصلات سے اپیل کی کہ قومی شاہراہوں کی بحالی اور تعمیر و مرمت ہنگامی بنیادوں پر شروع کی جائے۔ اگر کل تک شاہراہ بحال نہ ہوئی تو عدالت سے رجوع کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلڈ کینسر دواساز کمپنی کا 700 مریضوں کو مفت ادویات دینے سے انکار

**بلوچستان حکومت نے ایک سال سے غیر ملکی ادویات ساز کمپنی کو 5 کروڑوں روپے ادا نہ کئے، مریض پریشان**

**مفت ادویات نہ ملنے سے مریضوں کی زندگیاں داؤ پر لگ گئیں، وزیراعلیٰ دلچسپی لیں، عوامی حلقے**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری خان رئیسانی نے اپنے دور اقتدار میں بلوچستان کے بلڈ کینسر کے مریضوں کی تکالیف اور غربت کو مدنظر رکھتے ہوئے سوئزرلینڈ کی دواساز کمپنی کے ساتھ معاہدہ کیا تھا جو 12 ماہ میں دس ماہ غیر ملکی کمپنی بلڈ کینسر کے مریضوں کو مفت ادویات فراہم کرتی تھی دو ماہ کی ادویات کی رقم بلوچستان حکومت ادا کرتی تھی ایک سال سے وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کی حکومت نے غیر ملکی ادویات ساز کمپنی کو 5 کروڑوں روپے ادائیگی نہ کرنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 700 بلڈ کینسر کے مریضوں کو کمپنی نے ادویات دینا بند کر دی ہے ہر ماہ 1 لاکھ 40 ہزار ادویات ہونے کی وجہ سے کینسر کے مریض ادویات خریدنے سے سخت پریشان ہیں جس سے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 700 بلڈ کینسر کے مریضوں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے بلڈ کینسر کے مریضوں کی تکلیف برداشت نہ کرتے ہوئے ورثاء لے قرض سود پر ادویات خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں جبکہ حکومت سندھ پنجاب کے پی اپنے بلڈ کینسر کے مریضوں کو مفت ادویات فراہم کر رہی ہے عوامی حلقوں بلڈ کینسر کے مریضوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکریٹری بلوچستان سے اپیل کی ہے انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر کمپنی کو فوری پانچ کروڑ کی ادائیگیاں کر کے سات سو مریضوں کی جانیں بچائیں۔

## چمن شناختی کارڈ کیلئے لوگوں کو جعلی سازی سے خاندان میں شامل کرنے کا انکشاف

**چمن کے سائلین اپنے ریکارڈ کے ساتھ درخواستیں نادرا بلاک کمیٹی میں جمع کرائیں تاکہ انکی چھان بین کے بعد شناختی کارڈ کی درستگی کی جائے**

**ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالسلام کی زیر صدارت نادرا بلاک کمیٹی کا اجلاس، نادرا عملہ بھی شریک، ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ**

چمن (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر چمن اسماعیل ابراہیم کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالسلام کے زیر صدارت نادرا بلاک کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا اجلاس میں نادرا آفسر نصیب اللہ لوکل برانچ کے آفسر عبداللہ جان پولیس ڈی ایس پی شاہ ظاہر آئی بی اور ایف ایس آئی کے افسران نے شرکت کی، اجلاس میں عوام کی خاندان میں دیگر افراد کے شمولیت کے شکایات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالسلام نے کہا کہ یہ ایک اہم بڑا اور سنگین مسئلہ ہے کیوں کہ اس سے جائیداد کے تنازعے سمیت بہت سے مسائل اور مشکلات جنم لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس غیر قانونی حرکت کا ہمیں سدباب کرنا ہوگا اور ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کو بروئے کار لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے سائلین اپنے مکمل ریکارڈ کے ساتھ درخواستیں نادرا بلاک کمیٹی میں جمع کریں تاکہ انکی چھان بین کے بعد اسے صحیح کیا جائے اے ڈی سی نے مزید کہا کہ نادرا حکام عوام کی شکایات کا نوٹس لیں اور قومی شناختی کارڈ فراہم کرنے میں عوام کو سہولیات فراہم کیے جائے کے ساتھ ساتھ اس غیر قانونی عمل کی سدباب کو یقینی بنائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 19


## بلوچستان کو درپیش مالی چیلنجز، صوبائی کابینہ کا اظہار افسوس

بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں صوبے کو درپیش مالی مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم کو صورتحال سے آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی زیرصدارت اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نے سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے دس ارب روپے کی جس رقم کا اعلان کیا تھا وہ تاحال صوبائی حکومت کو نہیں ملی اسی طرح پی پی ایل کی جانب سے اربوں روپے کے واجبات کا معاملہ سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا یہ رقم اگر بلوچستان کو مل جائے تو صوبے کو بہت ریلیف مل سکتا ہے اوراس کے مالی معاملات میں کافی بہتری آسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ صوبے میں جاری ترقیاتی عمل کو ہرصورت برقرار رکھا جائے گا اور مالی مسائل کے حل کے لئے تمام ذرائع بروئے کار لائے جائیں گے اجلاس نے نومئی کو ملک میں بدامنی کے واقعات اور عسکری سرکاری تاریخی املاک پر حملوں اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں۔ بلوچستان کے مالی مسائل کافی عرصے سے حل طلب ہیں۔ وفاق کی توجہ بار بار مبذول کرانے کے باوجود صوبے کی شنوائی نہیں ہورہی ہے۔ یہ معاشی بحران کی صورتحال میں خود وفاق کے مالی معاملات بھی خاصے درگردوں ہیں۔ آئی ایم ایف سے معاملات طے پانے میں کئی ان دیکھی رکاوٹیں حائل کی جارہی ہیں ترقیاتی عمل ٹھپ پڑا ہے صرف سرکاری ملازمین کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کی جارہی ہے باقی تمام اخراجات روک دیئے گئے ہیں لیکن اس کے باوجود وفاقی حکومت اور پی پی ایل کو صوبے کی ضروریات سے صرف نظر نہیں کرنا چاہئے پی پی ایل نے صوبائی حکومت کو بہت بڑی رقم واجبات کی مد میں ادا کرنی ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ پی پی ایل خود کو قانون سے ماورا کوئی ادارہ سمجھتی ہے۔ صوبائی حکومت اور بلوچستان اسمبلی نے پی پی ایل کو واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں جوابی کارروائی کا بھی عندیہ دیا ہے لیکن اب تک صورتحال جوں کی توں ہے بلوچستان کے کئی علاقوں میں گزشتہ سال کے سیلاب زدگان کی بحالی کا عمل بھی فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث تعطل کا شکار ہے۔ ہزاروں متاثرین اب تک بحالی کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم کے اعلان کردہ دس ارب روپے بھی صوبے کو نہیں ملے اس لئے متاثرین کی مشکلات بھی بڑھتی جارہی ہیں۔ وفاقی حکومت اور پی پی ایل دونوں کو بلوچستان کی مالی اور معاشی مشکلات پر سنجیدگی سے توجہ دے کر اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔

## بلوچستان کے وسائل، مسائل اور صوبائی کابینہ کا فیصلہ!!

بلوچستان اگرچہ غربت وپسماندگی کا شکار صوبہ ہے جس کے پاس وسائل کی کمی ہے لیکن مسائل بہت زیادہ ہیں اور ہر چند کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں یہ موجودہ اتحادی حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل اور خاتمے کے لئے سنجیدہ بھی دکھائی دیتی ہے لیکن اس کے باوجود وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات کا فقدان دیکھنے میں آرہا ہے اس کا بین ثبوت یہ ہے کہ بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز کا بروقت اجراء ہوتا ہے اور نہ ہی بلوچستان کو اس کی پسماندگی اور غربت نیز وسیع رقبے کے تناسب سے قومی محاصل میں خاطر خواہ شیئر ملتا ہے حتیٰ کہ بلوچستان کے بقایہ جات اور واجبات کی ادائیگی سے متعلق بھی دوٹوک اقدامات کا فقدان ہے یہی وجہ ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں بلوچستان کابینہ کے اجلاسوں میں ان مسائل کی صدائے بازگشت تواتر سے سنائی دیتی ہے ابھی گزشتہ روز بھی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں یہ معاملات زیر بحث آئے ہیں اور صوبائی کابینہ نے وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو مالی معاونت کی عدم فراہمی پر شدید مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف بلوچستان کے لئے نرم گوشہ ضرور رکھتے ہیں لیکن وزارت منصوبہ بندی اور وزارت خزانہ کا بلوچستان کے ساتھ رویہ ناقابل فہم اور ناقابل برداشت ہے جو بلوچستان کی پسماندگی اور عوام میں مایوسی کا سبب بن رہا ہے۔ سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت گزشتہ روز منعقد ہونے والے کابینہ کے طویل دورانیہ کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی حکومت وفاقی اداروں کے رویہ پر بھرپور احتجاج ریکارڈ کرانے کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ کی قیادت میں صوبائی پارلیمانی جماعتوں کے قائدین صوبائی وزراء اور قومی اسمبلی اور سینٹ کے بلوچستان کے اراکین پر مشتمل وفد وزیراعظم سے ملاقات کریگا اجلاس میں اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا وفاق کی ایک مضبوط اکائی ہونے اور این ایف سی کے شیئر کو آئینی تحفظ حاصل ہونے کے باوجود بلوچستان کو اس کا پورا حصہ نہیں دیا



وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے اعلان کردہ دس ارب روپے کا بھی تاحال اجراء نہیں کیا گیا اور صوبائی حکومت نے اپنے وسائل سے سیلاب متاثرہ علاقوں کی بحالی کے کام کیئے گئی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پی پی ایل کے رویہ پر بھی شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ 2019 سے پی پی ایل سوئی مائننگ لیز کے بلوچستان کے اربوں روپے کے واجبات کی ادائیگی میں ٹال مٹول کر رہی ہے اس حوالے سے صوبائی حکومت اور پی پی ایل حکام کے درمیان متعدد اجلاس بھی منعقد ہوئے تاہم پی پی ایل کے منفی رویہ کے باعث اس دیرینہ مسئلہ کا حل نہیں نکل سکا ہے کابینہ کا واضح موقف تھا کہ پی پی ایل کے اس رویہ اور تاخیری حربوں کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا اور صوبائی حکومت جلد حتمی اور دوٹوک فیصلہ کریگی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلاشبہ بلوچستان کی ترقی وفاق کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اور ہماری شروع دن سے کوشش رہی ہے کہ وفاقی حکومت سے بہترین تعلقات قائم کرتے ہوئے وفاق کی معاونت کا حصول یقینی بنایا جائے تاہم یہ امر افسوسناک ہے کہ ہم تک اپنے اس مقصد میں پوری طرح کامیاب نہیں ہوسکے ہیں اور وزیراعظم کی جانب سے بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی کے باوجود انکے احکامات پر من وعن عملدرآمد نہیں ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ وہ جلد اتحادی جماعتوں اور صوبے کی دیگر سیاسی قیادت کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات کرکے تمام صورتحال انکے سامنے رکھیں گے ہمیں امید ہے کہ وزیراعظم واضح احکامات دیتے ہوئے ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنائیں گے وزیراعلیٰ نے پی پی ایل کے ساتھ مذاکرات اور وفاقی حکومت کے ساتھ مسلسل رابطوں پر چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبے کے اہم امور کی ادائیگی کے لئے چیف سیکریٹری کی خدمات قابل تعریف ہیں۔ یقیناً چیف سیکرٹری نے بلوچستان کے مسائل کے حل اور حکومتی وژن کے عین مطابق نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں لیکن وفاقی حکومت بالخصوص وزارت منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے بلوچستان کے حوالے سے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں جس رائے کا اظہار کیا گیا ہے وہ غور طلب ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں اٹھائے گئے نکات کو وفاقی حکومت سرسری طور پر لینے کی بجائے ان مسائل کے حل اور سدباب کی کوشش کرے بلوچستان کابینہ نے جو فیصلہ کیا ہے وہ بھی اہمیت کا حامل ہے ہمیں امید ہے کہ بلوچستان حکومت ایک بار پھر شدومد سے وزیراعظم کے سامنے بلوچستان کے مسائل رکھے گی اور ساتھ ہی وزیراعظم سے بھی قوی امید ہے کہ وہ ان مسائل کے حل کے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 23


# بلوچستان اسمبلی میں 9 مئی کے واقعات کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

## واجبات ادا نہ کرنے پر بلوچستان حکومت کا وفاقی اداروں کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کرانے کا فیصلہ




خلیل احمد

بلوچستان اسمبلی میں حکومتی اور اپوزیشن اراکین نے 9 مئی کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے خلاف پی ٹی آئی کے احتجاج کے دوران بلوچستان سمیت ملک بھر میں پرتشدد واقعات میں فوجی تنصیبات، حساس قومی اور ملکی املاک اہم سرکاری کو نذر آتش کرنے اور انہیں نقصان پہنچانے کے خلاف مذمتی قرارداد منظور کرلی۔ ایوان میں قرارداد پر بحث کے دوران ممبران کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو طے شدہ منصوبے کے تحت انتشار پھیلایا گیا۔ جمہوری نظام میں گرفتاریاں ہوتی ہیں لیکن گرفتاریوں کا ہرگز یہ مقصد نہیں کہ ملک کی سالمیت اور املاک کو نقصان پہنچایا جائے، 15 مئی کو بلوچستان اسمبلی کے منعقد ہونے والے اجلاس میں نہ صرف صوبائی وزراء بلکہ حزب اختلاف کی جانب سے 9 مئی کے واقعات کے خلاف بھرپور غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔ اس ضمن میں صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے مذمتی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی 2023 کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر ان کے کارکنوں کی جانب سے پورے ملک میں پرتشدد مظاہروں میں حساس سرکاری و نجی املاک کو نذر آتش، شرپسند عناصر کی جانب کور کمانڈر لاہور کے گھر میں توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ، پشاور میں ریڈیو پاکستان کی عمارت نذر آتش کرنے کے ساتھ پرتشدد کارروائیوں میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سینکڑوں افسران اور اہلکاروں کو شدید زخمی کیا گیا۔ اس طرح کے مناظر پاکستان کے عوام نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھے تھے۔ ایمبولینسز سے مریضوں کو اتار کر ایمبولینسوں کو آگ لگائی گئی۔ سرکاری حکام کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ ایوان نے 9 اور 10 مئی کے واقعات کی نہ صرف پرزور الفاظ میں مذمت کی بلکہ وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان واقعات میں ملوث تمام عناصر کے خلاف فوری طور پر کارروائی یقینی بنائی جائے تاکہ یہ اپنے مذموم ایجنڈے میں کامیاب نہ ہوں۔ عمران خان بیرونی ایجنڈے پر کارفرما اور ملک میں سیاسی انتشار پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا نظام مفلوج کردیا گیا ہے۔ آئین و قانون سے کوئی بالاتر نہیں، وفاقی حکومت کارروائی عمل میں لائے۔ قرارداد پر بات کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان میں جب لوگ کارروائیاں کرتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ یہ ریاست کے خلاف ہیں وہی عمل اب ملک کے دیگر حصوں میں ہوا ہے۔ جس طرح حملوں میں بلوچستان کے لوگوں کو سزائیں ہوئیں ویسی ہی 9 مئی کے واقعات میں ملوث افراد کو بھی ہونی چاہیے۔ صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ نے کہا کہ ہزارہ برداری کے ہزاروں لوگ مارے گئے۔ ہم نے کبھی ہنگامہ آرائی نہیں کی۔ سیاسی جماعتوں کو احتجاج کا طریقہ کار معلوم ہوتا ہے 9 مئی کو جو کچھ ہوا اس کے بعد خون آلود الیکشن دیکھ رہا ہوں۔ عمران خان انا پرستی کی آخری حد کو پہنچ چکے ہیں قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن اراکین اسمبلی کا کہنا تھا کہ دہرا معیار ملک کے مسائل کی جڑ ہے۔ گرفتاری کے بعد عمران خان کو کسی تھانے یا جیل نہیں بلکہ پولیس گیسٹ ہاؤس لے جایا گیا جبکہ ہمارے لوگ جب گرفتار ہوتے ہیں تو وہ صحیح سلامت واپس نہیں آتے۔ 9 مئی کو نیازی فتنے نے ملک میں اندرونی انتشار پھیلایا عمران خان نے کشمیر کو فروخت کیا ان کو جیل بھیجا جائے تاکہ ملک کو بچایا جاسکے۔ بحث کے بعد ایوان نے قرارداد منظور کرلی۔

دوسری جانب بلوچستان حکومت نے ایک بار پھر وفاقی اداروں کی جانب سے بلوچستان کے ساتھ روا رکھے گئے رویے پر بھرپور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت کے سامنے بھرپور احتجاج ریکارڈ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں بلوچستان کابینہ کا اجلاس 15 مئی کو منعقد ہوا جس میں کئی اہم فیصلے کئے گئے۔ کابینہ اجلاس کے بعد جاری کئے گئے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ صوبائی کابینہ نے وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو مالی معاونت کی عدم فراہمی پر شدید مایوسی کا اظہار کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سمیت تمام کابینہ اراکین کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف بلوچستان کے لئے نرم گوشہ ضرور رکھتے ہیں لیکن وزارت منصوبہ بندی اور وزارت خزانہ کا بلوچستان کے ساتھ رویہ ناقابل فہم اور ناقابل برداشت ہے۔ جو بلوچستان کی پسماندگی اور عوام میں مایوسی کا سبب بن رہا ہے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی حکومت وفاقی اداروں کے رویہ پر بھرپور احتجاج ریکارڈ کرانے کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ کی قیادت میں صوبائی پارلیمانی جماعتوں کے قائدین صوبائی وزراء اور قومی اسمبلی اور سینٹ کے بلوچستان کے اراکین پر مشتمل وفد وزیر اعظم سے ملاقات کرے گا۔ اجلاس میں اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا وفاق کی ایک مضبوط اکائی ہونے اور این ایف سی کے شیئر کو آئینی تحفظ حاصل ہونے کے باوجود بلوچستان کو اس کا پورا حصہ نہیں دیا جا رہا ہے اور اگر صورتحال میں بہتری نہ آئی تو تنخواہوں کی ادائیگی بھی ممکن نہیں ہوگی۔ صوبے این ایف سی کے اپنے شیئر کے مطابق بجٹ بناتے ہیں لیکن غیر متوقع کٹوتی سے بجٹ پر عملدرآمد ممکن نہیں ہوتا۔ وفاقی محکمے بلوچستان کے معروضی حالات اور مسائل و مشکلات سے لاعلم ہیں کابینہ اجلاس میں کہا گیا کہ وفاقی منصوبوں کے لئے صوبائی حکومت 5 ارب روپے کی برج فنانسنگ کر چکی ہے تاہم یہ منصوبے وفاق کی جانب سے فنڈز کا اجراء نہ ہونے کے باعث تعطل کا شکار ہیں۔ سیلاب کے دوران وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے اعلان کردہ دس ارب روپے کا بھی تاحال اجراء نہیں کیا گیا اور صوبائی حکومت نے اپنے وسائل سے سیلاب متاثرہ علاقوں کی بحالی کے کام کیے۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پی پی ایل کے رویہ پر بھی شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ 2019 سے پی پی ایل سوئی مائننگ لیز کے بلوچستان کے اربوں روپے کے واجبات کی ادائیگی میں ٹال مٹول کر رہی ہے۔ اس حوالے سے صوبائی حکومت اور پی پی ایل حکام کے درمیان متعدد اجلاس بھی منعقد ہوئے۔ تاہم پی پی ایل کے منفی رویہ کے باعث اس دیرینہ مسئلہ کا حل نہیں نکل سکا۔ کابینہ کا واضح موقف تھا کہ پی پی ایل کے اس رویہ اور تاخیری حربوں کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا اور صوبائی حکومت جلد حتمی اور دو ٹوک فیصلہ کرے گی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ جلد اتحادی جماعتوں اور صوبے کی دیگر سیاسی قیادت کے ہمراہ وزیر اعظم سے ملاقات کر کے تمام صورتحال ان کے سامنے رکھیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 18 MAY 2023 Page No: 25


# ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح جدید انفارمیشن کی جانب نئے سفر کا آغاز



صدا بصحرا


رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com


عصر حاضر میں ٹیکنالوجی کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کیلیے مختلف ادارے نت نئی تبدیلیوں اور جدید انفارمیشن کی سہولیات سے کما حقہ مستفید ہو رہے ہیں۔

محکمہ صحت بلوچستان نے بھی اپنے کئی شعبوں کو نئی ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کا عزم کیا، ملٹی پرپز اسکول جس کی پرنسپل اپنے شعبہ میں مہارت رکھتی ہیں علم و ادب۔۔کے حوالے سے بھی موصوفہ کی خدمات۔ کسی سے ڈھکی۔چھپی نہیں ہیں وہ کئی ادبی کتابوں۔کی مصنف ہیں۔منفرد لب و لہجے کی اچھی شاعرہ ہیں۔اور جدید اسلوب کی افسانہ نگار ہیں اور اس سے بڑھ کر کسی بھی ادارے کو چلانے، اس کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور نئے نئے تجربات سے اپنے کام میں جدت لانے کی خداداد صلاحیت بھی رکھتی ہیں۔ملٹی پرپز اسکول میں جدید لائبریری کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کی غرض سے وزیر صحت بلوچستان سید احسان شاہ نے ملٹی پرپز اسکول ایچ آر ڈی میں بلوچستان ہیومن کیپٹل پراجیکٹ کی معاونت سے بنائی گئی ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح کیا گیا ،اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر ہیومن کیپٹل پراجیکٹ ثاقب کاکڑ، سیکرٹری اسفندیار کاکڑ، صوبائی کوارڈینیٹر ٹی بی کنٹرول پروگرام ڈاکٹر آصف شاہوانی، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر نور اللہ بزنجو، ڈائریکٹر ایچ آر ڈی ڈاکٹر نور اللہ موسی خیل، صوبائی کوارڈینیٹر ایڈز کنٹرول پروگرام ڈاکٹر سلطان لہڑی، ڈپٹی کوارڈینیٹر ایچ آر ڈی ڈاکٹر عبدالقادر، پرنسپل ملٹی پرپز اسکول راحت جبیں، سینئر لیکچرار ملٹی پرپز اسکول ڈاکٹر شہباز ہیلتھ ایجوکیشن نیوٹریشن اسپشلسٹ ہارون کاسی، آئی ٹی اسپشلسٹ شیراز خان اور دیگر معاونین موجود تھے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر بلوچستان ہیومن کیپٹل پراجیکٹ ثاقب کاکڑ نے وزیر صحت بلوچستان سید احسان شاہ کو ملٹی پرپز اسکول میں کرائے گئے کام کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈاکٹر راحت جبیں نے اسکول کے بارے میں سب کو بریفنگ دی اور انہیں ادارے کے مسائل سے آگاہ کیا۔ بلوچستان ہیومن کیپٹل انویسٹمنٹ پروجیکٹ کے جانب سے منسٹر ہیلتھ اور پروجیکٹ ڈائریکٹر ثاقب کاکڑ نے ملٹی پرپز کی پرنسپل ڈاکٹر راحت جبیں کو لیپ ٹاپ اور دوسرا سامان ہینڈ اوور کیا۔

وزیر صحت بلوچستان سید احسان شاہ نے ملٹی پرپز اسکول ایچ آر ڈی میں بلوچستان ہیومن کیپٹل پراجیکٹ کی جانب سے کرائے گئے کام کا معائنہ کیا بلوچستان ہیومن کیپٹل پراجیکٹ نے ملٹی پرپز اسکول کی عمارت کی تزئین و آرائش کی۔ بلوچستان ہیومن کیپٹل پراجیکٹ کی جانب سے ملٹی پرپز اسکول کو سولر سسٹم، ڈیجیٹل لائبریری کے کمپیوٹر سسٹم، لیپ ٹاپ، ملٹی میڈیا، فوٹو اسٹیٹ مشین اور کلاس رومز کے لیے کرسیاں فراہمی احسن اقدام ہے۔اس موقع پر بلوچستان ہیومن کیپٹل انویسٹمنٹ پروجیکٹ کی جانب سے ملٹی پرپز انسٹیٹیوٹ کو لیپ ٹاپ دیئے گئے جو پراجیکٹ ڈائریکٹر ثاقب کاکڑ، ہیلتھ منسٹر احسان شاہ، ڈائریکٹر ایچ آر ڈی نے پرنسپل ملٹی پرپز ڈاکٹر راحت جبیں کو ہینڈ اوور کیے۔ دیگر اثناء سیکرٹری صحت بلوچستان وقاص علی محمود کا ملٹی پرپز اسکول ایچ آر ڈی کا دورہ بھی کیا

اس موقع پر ڈائریکٹر ٹیکنیکل ڈاکٹر امین خان مندوخیل، پراجیکٹ ڈائریکٹر ہیومن کیپٹل پراجیکٹ ثاقب کاکڑ، ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر نور اللہ بزنجو، پرنسپل ملٹی پرپز ڈاکٹر راحت جبیں، ڈائریکٹر ایچ آر ڈی ڈاکٹر نور اللہ موسی خیل، صوبائی کوارڈینیٹر ٹی بی کنٹرول پروگرام ڈاکٹر آصف شاہوانی، فوکل پرسن سیکرٹری ہیلتھ ڈاکٹر ابابکر بلوچ، ڈاکٹر عبدالقادر، ہیلتھ ایجوکیشن نیوٹریشن اسپشلسٹ ہارون کاسی اور دیگر معاونین موجود تھے، ملٹی پرپز اسکول کی بلڈنگ کے مختلف حصوں کا کا معائنہ کیا

ملٹی پرپز اسکول کے عملے سے بات چیت کی ڈیجیٹل لائبریری کلاس رومز کا معائنہ بھی کیا ایچ آر ڈی بلڈنگ کے اسٹور کا دورہ کیا اسٹور میں موجود سامان کی جانچ پڑتال اور سامان کی تقسیم کیلیے کمیٹی کی تشکیل کے احکامات جاری

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

18 MAY 2023

Bullet No.________ DATE: ________ Page No: ________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے بیوٹمز کے قائم مقام وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرحمن ملاقات کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے مبارک علی کی قیادت میں ہزارہ برادری کا وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے قائم مقام وی سی خضدار یونیورسٹی ڈاکٹر سہراب بزنجو ملاقات کر رہے ہیں




گورنر ملک عبدالولی کاکڑ نرسز انٹرنیشنل ڈے کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**


Daily: JANG QUETTA

18 MAY 2023

Bullet No. ______ DATE: ______ Page No: ______



کوئٹہ، وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سردارزادہ جاوید عزیز لہڑی سے ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے سابق صوبائی وزیر ماجد ابڑو کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



اسد بلوچ رکن اسمبلی سلیم کھوسہ سے میر ظہور حسین کھوسہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



صوبائی وزیر انجینئر زمرک کو فرید احمد تحصیلدار بننے پر مٹھائی کھلا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 18 MAY 2023 Page No: ________




# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 18 MAY 2023 Page No: ________



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں